# 30-06-2024 SUNDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعظم  نریندرمودی نے تیسری معیاد میں اپنے پہلے من کی بات پروگرام میں ملک کے جمہوری نظام اور دستور پر ایک بار پھر بھروسہ جتانے کے لئے عوام  کاشکریہ ادا کیا۔

۲۔وزیراعظم  نے اس بات پرخوشی کا اظہار کیا کہ دنیا بھرمیں ہندوستانی تہذیب کوسراہا جارہاہے۔

۳۔ مرکزی حکومت نے اسمارٹ سٹی مشن کو مارچ 2025ءتک بڑھانے کی منظوری دے دی ہے۔

اور

۴۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے سابق پی سی سی صدر بی سرینواس کا نظام  آباد  میں آخری دیدار کیا۔

☆☆☆

وزیراعظم نریندرمودی نے آج لوک سبھا چناو میں ملک کے جمہوری نظام اور دستور پر بھروسہ جتانے کے لئے عوام  کاشکریہ ادا کیا۔آکاش وانی پر آج صبح اپنے من کی بات پروگرام  میں قوم  سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ 2024ءمیں عام چناو دنیا کے سب سے بڑے چناو تھے جس میں 65 کروڑلوگوں  نے ووٹ دیا۔مودی نے الیکشن کمیشن اور ووٹنگ سے جڑے سب لوگوں کو مبارکباد دی۔

☆☆☆

وزیراعظم نے کہا  کہ 30 جون ایک اہم دن ہے جب Hool دیوس منایا جارہاہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن ویرسدھو اور کنہو کے حوصلہ کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے انگریز حکمرانوں کے ظلم کی مخالفت کی۔ ویرسدھو اور کنہو نے 1855ءمیں جھارکھنڈ کے سنکلپ پرگنا میں انگریزوں کے خلاف لڑائی کے لئے ہزاروں سنتھل عوام  کو یکجا کیا تھا۔ مودی نے کہا کہ ویرسدھو اور کنہو نے اس لڑائی میں اپنی بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے شہادت حاصل کی۔

☆☆☆

انہوں نے اس سال ماحولیات کے عالمی دن کے موقع پر ایک خصوصی مہم ایک پیڑ ماں کے نام کا ذکر کیا۔انہوں  نے دنیا بھر کے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ اپنی ماوں کے ساتھ یا ماوں کے نام پر پیڑ لگائیں۔

☆☆☆

وزیراعظم اراکو کافی کا بھی ذکر کیا جو اپنے مزح اور مہک کی وجہ سے جانی جاتی ہے جسے آندھراپردیش کی آلوری سیتارامارا جو ضلع میں بڑے پیمانے پر اگایا جاتا ہے۔ مودی نے اراکو کافی کو نئی بلندیوں تک لے جانے کے گریجن کوآپریٹیو کی تعریف کی۔انہوں  نے کہا کہ اس سے کسانوں کی آمدنی میں اضافہ ہوا ہے اور کونڈا دورا قبائیلیوں کو فائدہ پہنچا ہے۔اراکو کافی کو کئی عالمی ایوارڈ حاصل ہوئے۔وزیراعظم  نے کہا کہ انہیں یہ دیکھ کر خوشی ہوئی کہ پچھلے سال دہلی میں جی 20 سمٹ کے دوران اس کافی کو کافی پسند کیا گیا۔

☆☆☆

انہوں نے سننے والوں سے کہا کہ وہ ہاش ٹیگ  مائی پرائیڈ کٹ مائی پرائیڈ کے ساتھ ایسی چیزیوں کے بارے میں اپنی کہانیاں بتائیں۔ مودی نے اس بات پر  خوشی کا اظہار کیا کہ دنیا بھرمیں ہندوستانی تہذیب کا نام  ہورہاہے۔انہوں  نے ترکمستان کی مثال دی جہاں اس سال مئی میں ملک کے قومی شاعر کا 300 واں یوم پیدائش منایا گیا۔ اس موقع پر ترکمستان کے صدر نے دنیا کے 24 مشہور شاعروں کے مجسموں کی رونمائی انجام دی۔ ان میں ایک مجسمہ گرودیو راوبندرناتھ ٹھاکر کا تھا۔

☆☆☆

یہ تیسری معیاد کے لئے نریندر مودی کے وزیراعظم بننے کے بعد پہلا من کی بات پروگرام تھا۔ یوگا کے بارے میں بولتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پوری دنیا نے جوش وخروش کے ساتھ یوگا کا دسواں عالمی دن منایا۔ انہوں نے کہا کہ یوگا کے دن کو منانے کا سلسلہ بڑ رہا ہے اور ہر سال نئے ریکارڈس قائم ہو رہے ہیں۔ بعض کارناموں کو اجاگر کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ سعودی عرب میں پہلی بار ایک عورت الحنوف سعاد نے یوگا پروٹوکول کی قیادت کی۔ مصر میں بھی یوم یوگا پر ایک تصویری مقابلہ ہوا۔ مودی نے کہا کہ مشہور اہرام مصر کے سامنے اور بحر احمر کے ساحل اور دریائے نیل کے کنارے یوگا کرتے ہوئے لاکھوں لوگوں کی تصویریں مقبول ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میانمار کے مارا وجیا پگوڈا کامپلکس میں بھی یوگا سیشن رکھا گیا۔ بحرین میں معذور بچوں کے لئے ایک خصوصی کیمپ کا اہتمام کیا گیا۔ مودی نے یوم یوگا میں حصہ لینے والے تمام لوگوں کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے عوام سے کہا کہ وہ اپنی زندگیوں میں مثبت تبدیلیوں کے لئے یوگا کو اپنائے۔

☆☆☆

وزیراعظم نے کہا کہ اگلے مہینہ پیرس اولمپکس کھیلے جائیں گے۔ انہوں نے اولمپکس کھیلوں میں بہترین مظاہرہ کے لئے ہندوستانی جتھہ کو مبارکباد دی۔ وزیراعظم نے کہا کہ پیرس اولمپکس میں پہلی مرتبہ بعض نئی باتیں دیکھنے میں آئیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ آنے والے دنوں میں ہندوستانی ٹیم سے ملاقات کریں گے اور قوم کی طرف سے ان کی حوصلہ افزائی کریں گے۔ انہوں نے عوام سے کہا کہ وہ ہیش ٹیگ چیر فار بھارت کے ساتھ ان کا حوصلہ بڑھائے۔ وزیراعظم نے آج آکاش وانی کے سنسکرت بلیٹن کے پچاس سال پورے ہونے پر آکاش وانی پریوار کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ پچاس سال سے اس بلیٹن نے کئی لوگوں کو سنسکرت سے جوڑے رکھا۔ وزیراعظم نے من کی بات کے ذریعہ ایک مرتبہ پھر عوام سے جڑنے پر خوشی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ من کی بات میں ہندوستان کی عظیم تہذیب، تاریخ، اور ایک ترقی یافتہ ہندوستان بنانے کی کوششوں کے بارے میں بات چیت ہوتی رہے گی۔

☆☆☆

کوئلہ اور کانوں کے وزیر جی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی کا ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات اہم مسائل پر عوام میں بیداری پیدا کر رہا ہے۔ حیدرآباد میں ہونے والے ایک پروگرام میں وزیر نے بی جے پی لیڈرس کے ساتھ من کی بات کو دیکھا۔ پروگرام کے بات کشن ریڈی نے کہا کہ من کی بات کے ذریعہ وزیراعظم سماجی اور نئی دور کے مسائل پر عوام میں بیداری پیدا کر رہے ہیں۔ انہوں نے دونوں تلگو ریاستوں کے عوام سے کہا کہ وہ ہر مہینہ من کی بات دیکھیں۔

☆☆☆

گورنر سی پی رادھا کرشنن نے آج حیدرآباد کے راج بھون میں ہونے والی ایک خصوصی تقریب میں ایک تلگو کتاب راما چیلو کا کی رسم اجرا انجام دی جسے گوا کے گورنر پی ایس سریدھرن پلئی نے لکھا ہے۔ رادھا کرشنن نے ادب میں قابل قدر تعاون کے لئے سردھرن پلئی کی تعریف کی اور اصل کتاب کی روح کو برقرار رکھنے کے لئے ترجمہ نگار ایل آر سوامی کی بھی ستائش کی۔ راما چیلو کا سات افسانوں کا مجموعہ ہے۔

☆☆☆

مرکزی حکومت نے اسمارٹ سٹی مشن کو مارچ 2025ء تک بڑھانے کو منظوری دے دی ہے۔ مرکز نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی حال ہی میں کی گئی اپیل کا مثبت جواب دیا ہے۔ حال ہی میں دہلی کا دورہ کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے مرکزی وزیر امکنہ وشہری امور منوہر لال کھٹر سے ملاقات کی تھی اور اسمارٹ سٹی مشن کے لئے ریڈ لائن جون 2025ء تک بڑھانے کی درخواست کی تھی۔ مرکز نے اس مہینہ کے ختم تک اسمارٹ سٹی مشن کو پورا کرنے کا نشانہ مقرر کیا تھا۔ اسمارٹ سٹی مشن کے تحت ورنگل اور کریم نگر میں کام کئے جا رہے ہیں۔

☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج نظام آباد کے پرگتی نگر میں سابق پی سی سی صدراور سینئر کانگریس لیڈر بی سرینواس کا آخری دیدار کیا۔ان کی میت پرگتی نگر لائی گئی اور ان کی رہائش گاہ پر رکھی گئی جہاں کئی لوگوں نے انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔وزیراعلیٰ نے 2004ء اور 2009ء غیر منقسمہ آندھرا پردیش کے اسمبلی چناؤ میں کانگریس کو اقتدار میں لانے میں بی سرینواس کے اہم رول کا اعتراف کیا۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ پارٹی میں لمبے عرصہ سے غائب رہنے کے باوجود سرینواس نے کانگریس کی اہم لیڈر سونیا گاندھی کے ساتھ گرم جوشانہ تعلقات برقرار رکھے۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ آنجہانی لیڈر کی خواہش تھی کہ انتقال کے بعد ان کی میت کو کانگریس کے پرچم میں لپٹا جائے اور سینئر قائدین نے ان کی اس خواہش کو پورا کیا۔ جنہوں نے انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔وزیراعلیٰ نے بی سرینواس کے ارکان خاندان کو پرسہ دیا جن میں ان کے بیٹے نظام آباد کے رکن پارلیمنٹ دھرما پوری اروند اور سابق میئر نظام آباد سنجے شامل ہیں۔

☆☆☆

وزیراعظم نریندر مودی نے آج ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ سابق نائب صدر جمہوریہ ایم وینکیا نائیڈو کی زندگی اور سفر کے بارے میں تین کتابیں ان کی 75 ویں سالگرہ کے موقع پر جاری کی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ وینکیا نائیڈو کل اپنے 75 سال پورے کریں گے اور یہ 75 سال غیر معمولی رہے۔ وزیراعظم نے کتابوں ی رسم اجرا پر خوشی کا اظہار کیا اور یقین ظاہر کیا کہ یہ کتابیں لوگوں کے لئے تحریک کی وجہ بنیں گی۔